روزنامہ
(1913ء سے جاری شدہ)
FR-10
# الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
ہفتہ 27 جون 2015ء 9 رمضان 1436 ہجری 27۔احسان 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 147

## روزہ کی جزا

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ابن آدم کا ہر عمل اس کے لئے ہے سوائے روزوں کے کیونکہ وہ میرے لئے ہیں اور میں ہی ان کی جزا ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب الصوم باب ھل یقول انی صائم حدیث نمبر 1771)

# اخلاق عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں کچھ بیان نہیں کرسکتا کہ میرا کون سا عمل تھا جس کی وجہ سے یہ عنایت الٰہی شامل حال ہوئی صرف اپنے اندر یہ احساس کرتا ہوں کہ فطرتاً میرے دل کو خدا تعالیٰ کی طرف وفاداری کے ساتھ ایک کشش ہے جو کسی چیز کے روکنے سے رک نہیں سکتی۔ سو یہ اسی کی عنایت ہے۔ میں نے کبھی ریاضات شاقہ بھی نہیں کیں اور نہ زمانہ حال کے بعض صوفیوں کی طرح مجاہدات شدیدہ میں اپنے نفس کو ڈالا اور نہ گوشہ گزینی کے التزام سے کوئی چلہ کشی کی۔ اور نہ خلاف سنت کوئی ایسا عمل رہبانیت کیا جس پر خدا تعالیٰ کے کلام کو اعتراض ہو۔ بلکہ میں ہمیشہ ایسے فقیروں اور بدعت شعار لوگوں سے بے زار رہا جو انواع واقسام کے بدعات میں مبتلا ہیں۔ ہاں حضرت والد صاحب کے زمانہ میں ہی جب کہ ان کا زمانہ وفات بہت نزدیک تھا ایک مرتبہ ایسا اتفاق ہوا کہ ایک بزرگ معمر پاک صورت مجھ کو خواب میں دکھائی دیا اور اس نے یہ ذکر کر کے کہ ’’کسی قدر روزے انوار سماوی کی پیشوائی کے لئے رکھنا سنت خاندان نبوت ہے۔‘‘ اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ میں اس سنت اہل بیت رسالت کو بجالاؤں۔ سو میں نے کچھ مدت تک التزام صوم کو مناسب سمجھا۔ مگر ساتھ ہی یہ خیال آیا کہ اس امر کو مخفی طور پر بجالانا بہتر ہے۔ پس میں نے یہ طریق اختیار کیا کہ گھر سے مردانہ نشست گاہ میں اپنا کھانا منگواتا اور پھر وہ کھانا پوشیدہ طور پر بعض یتیم بچوں کو جن کو میں نے پہلے سے تجویز کر کے وقت پر حاضری کے لئے تاکید کردی تھی دے دیتا۔ اور اس طرح تمام دن روزہ میں گزارتا اور بجز خدا تعالیٰ کے ان روزوں کی کسی کو خبر نہ تھی۔ پھر دو تین ہفتہ کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ ایسے روزوں سے جو ایک وقت میں پیٹ بھر کر روٹی کھالیتا ہوں مجھے کچھ بھی تکلیف نہیں بہتر ہے کہ کسی قدر کھانے کو کم کردوں۔ سو میں اس روز سے کھانے کو کم کرتا گیا یہاں تک کہ میں تمام رات دن میں صرف ایک روٹی پر کفایت کرتا تھا۔ اور اسی طرح میں کھانے کو کم کرتا گیا یہاں تک کہ شاید صرف چند تولہ روٹی میں سے آٹھ پہر کے بعد میری غذا تھی۔ غالباً آٹھ یا نو ماہ تک میں نے ایسا ہی کیا اور باوجود اس قدر قلت غذا کے کہ دو تین ماہ کا بچہ بھی اس پر صبر نہیں کرسکتا خدا تعالیٰ نے مجھے ہر ایک بلا اور آفت سے محفوظ رکھا۔ اور اس قسم کے روزہ کے عجائبات میں سے جو میرے تجربہ میں آئے وہ لطیف مکاشفات ہیں جو اس زمانہ میں میرے پر کھلے۔ چنانچہ بعض گزشتہ نبیوں کی ملاقاتیں ہوئیں اور جو اعلیٰ طبقہ کے اولیاء اس امت میں گذر چکے ہیں ان سے ملاقات ہوئی۔ ............... غرض اسی طرح کئی مقدس لوگوں کی ملاقاتیں ہوئیں۔ جن کا ذکر کرنا موجب تطویل ہے اور علاوہ اس کے انوار روحانی تمثیلی طور پر برنگ ستون سبز وسرخ ایسے دلکش ودلستان طور پر نظر آتے تھے جن کا بیان کرنا بالکل طاقت تحریر سے باہر ہے۔ وہ نورانی ستون جو سیدھے آسمان کی طرف گئے ہوئے تھے جن میں سے بعض چمکدار سفید اور بعض سبز اور بعض سرخ تھے ان کو دل سے ایسا تعلق تھا کہ ان کو دیکھ کر دل کو نہایت سرور پہنچتا تھا۔ اور دنیا میں کوئی بھی ایسی لذت نہیں ہوگی۔ جیسا کہ ان کو دیکھ کر دل اور روح کو لذت آتی تھی۔ میرے خیال میں ہے کہ وہ ستون خدا اور بندہ کی محبت کی ترکیب سے ایک تمثیلی صورت میں ظاہر کئے گئے تھے یعنی وہ ایک نور تھا جو دل سے نکلا اور دوسرا وہ نور تھا جو اوپر سے نازل ہوا اور دونوں کے ملنے سے ایک ستون کی صورت پیدا ہوگئی۔ یہ روحانی امور ہیں کہ دنیا ان کو نہیں پہچان سکتی۔ کیونکہ وہ دنیا کی آنکھوں سے بہت دور ہیں۔ لیکن دنیا میں ایسے بھی ہیں جن کو ان امور سے خبر ملتی ہے۔

(کتاب البریہ، روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 195 تا 199)

## اصل قبولیت آسمان سے آتی ہے

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔
تذکرۃ الاولیاء میں ہے کہ ایک شخص چاہتا تھا کہ وہ لوگوں کی نظر میں بڑا قابل اعتماد بنے اور لوگ اسے نمازی اور روزہ دار اور بڑا پاکباز کہیں اور اسی نیت سے وہ نماز لوگوں کے سامنے پڑھتا اور نیکی کے کام کرتا تھا مگر وہ جس گلی میں جاتا اور جدھر اس کا گزر ہوتا تھا۔ لوگ اسے کہتے تھے کہ یہ دیکھو یہ شخص بڑا ریاکار ہے اور اپنے آپ کو لوگوں میں نیک مشہور کرنا چاہتا ہے۔ پھر آخر کار اس کے دل میں ایک دن خیال آیا کہ میں کیوں اپنی عاقبت کو برباد کرتا ہوں خدا جانے کس دن مرجاؤں گا کیوں اس لعنت کو اپنے لئے تیار کر رہا ہوں اس نے صاف دل ہو کر پورے صدق وصفا اور سچے دل سے توبہ کی اور اس وقت سے نیت کر لی کہ میں سارے نیک اعمال لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ کیا کروں گا اور کبھی کسی کے سامنے نہ کروں گا۔ چنانچہ اس نے ایسا کرنا شروع کر دیا اور یہ پاک تبدیلی اس کے دل میں بھر گئی نہ صرف زبان تک ہی محدود رہی پھر اس کے بعد لکھا ہے اس نے اپنے آپ کو ایسا بنا لیا کہ تارک صوم وصلوٰۃ ہے اور گندہ خراب آدمی ہے مگر اندرونی طور پر پوشیدہ اور نیک اعمال بجالاتا تھا، پھر وہ جدھر جاتا اور جدھر اس کا گزر ہوتا تھا لوگ اور لڑکے اسے کہتے تھے کہ دیکھو یہ شخص نیک اور بڑا پارسا ہے اور یہ خدا کا پیارا اور اس کا برگزیدہ ہے۔ غرض اس سے یہ ہے قبولیت اصل میں آسمان سے نازل ہوتی ہے۔

(ملفوظات جلد 3 صفحہ 186)

## درخواست دعا

مختلف جگہوں پر بعض احمدی افراد مختلف مقدمات میں ملوث ہیں ان افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

پبلشر وپرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ..........مطبع: ضیاءالاسلام پریس ..........مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ........... قیمت 5 روپے

مشعل راہ

# صوم یعنی روزہ تجلی قلب کرتا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 29 ستمبر 2006ء میں فرماتے ہیں۔

حضرت مسیح موعودفرماتے ہیں کہ ’’شَھْرُ رَمَضَانَ.......... سے ماہ رمضان کی عظمت معلوم ہوتی ہے۔صوفیاء نے لکھا ہے کہ یہ ماہ تنویر قلب کے لئے عمدہ مہینہ ہے ۔کثرت سے اس میں مکاشفات ہوتے ہیں۔صلوٰۃ تزکیہ نفس کرتی ہے۔اورصوم تجلی قلب کرتا ہے‘‘۔یعنی نماز جو ہے وہ تزکیہ نفس کرتی ہے۔اورفرمایا کہ ’’تزکیہ نفس سے مراد یہ ہے کہ نفس امارہ کی شہوات سے بُعد حاصل ہوجاوے‘‘۔اس سے دوری پیدا ہوجائے۔نیکیوں میں ترقی کرے‘‘اور تجلی قلب سے یہ مراد ہے کہ کشف کا دروازہ اس پر کھلے کہ خدا کودیکھ لیوے‘‘۔ (البدرجلد1 نمبر7 مورخہ 12؍دسمبر1902ءصفحہ 52)

پس برائیوں سے بچنے کے لئے اورنیکیوں میں ترقی کرنے کے لئے اوراللہ تعالیٰ کا قرب پانے کے لئے اس مہینے میں خاص طور پر ہر احمدی کوکوشش کرنی چاہئے اور یہ کوشش ہو کہ اپنی نمازوں کوسنوار کرادا کرے اورسنوار کرادا کرتے رہنے کے لئے دعا کرنی چاہئے تا کہ اللہ تعالیٰ کا فیض اور فضل ہمیشہ جاری رہے۔اللہ تعالیٰ ہراحمدی کواس دعا کا فہم وادراک عطافرماتے ہوئے،اللہ تعالیٰ سے اس دعا کو ہمیشہ مانگتے رہنے کی توفیق ہمیشہ دیتا چلا جائے تا کہ ہمیشہ جماعت کے لئے قیام نماز ایک طرّہ امتیاز رہے۔

پھراللہ تعالیٰ نے ہمیں قرآن کریم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا بھی بتائی کہ (رَبَّـنَــا وَاجْـعَـلْـنَــا ......) (البقرة: 129) اے ہمارے رب! ہمیں اپنے دوفرمانبردار بندے بنادے اور ہماری ذریت میں سے بھی ایک فرمانبردارامت پیدا کردے اورہمیں اپنی عبادتوں اورقربانیوں کے طریق سکھا اور ہم پرتوبہ قبول کرتے ہوئے جھک جا۔یقیناً تو ہی بہت توبہ قبول کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔

تو دیکھیں قیام نماز کو ہمیشہ جاری رکھنے اورقائم رکھنے کے لئے،عبادتوں کوزندہ رکھنے کے لئے یہ دعا سکھائی ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ایسے گروہ پیدا کرتا چلا جائے جو حقیقت میں عبادت اور قربانیوں کے مقصداور فلسفے کو سمجھتے ہوئے عبادتیں کرنے والے اورقربانیاں کرنے والے ہوں۔اور یہ سب اے خدا! تیرے خاص فضل اور رہنمائی سے ہوگا۔اس لئے ہمیشہ ایسے لوگ اورگروہ پیدا فرماتا رہ جن کو تیری براہ راست رہنمائی بھی حاصل ہوتی رہے۔ایسے لوگ پیدا ہوتے رہیں جو رہنمائی کرنے والے ہوں ................... یہاں اس دعا کی انتہا جو حضرت ابراہیمؑ نے کی وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں ہوتی ہے۔اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہ دعا کی اور دنیا نے دیکھا کہ عرب کے اُن وحشیوں میں کیا انقلاب آیا کہ وہ لوگ ایسے باخداانسان بنے جن کی راتیں عبادت کرتے ہوئے اوردن اللہ تعالیٰ کی خاطر قربانیاں کرتے ہوئے گزرتے تھے۔اورآپ کی یہ دعا صرف آپ کے وقت تک محدود نہ تھی بلکہ اللہ تعالیٰ کے حضور تا قیامت قبولیت کا درجہ پا گئی۔

حضرت ابراہیمؑ کی دعا کی قبولیت کی معراج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شکل میں حاصل ہوئی۔.........پس جہاں حقوق اللہ کی بجا آوری ضروری ہے اور جوصحیح عبادت کا طریق ہے وہاں اللہ تعالیٰ کے حکموں کے مطابق حقوق العباداداکرنے کی وجہ سے یہ بات اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ بنتی ہے۔اوریہی اصل زندگی کا ایک مقصد ہے اوراللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی طرف ہی اُن کی دعا قبول کرتے ہوئے جھکتا اور رحم فرماتا ہے جوحقوق اللہ بھی ادا کرنے والے ہوں اورحقوق العباد بھی بجا لانے والے ہوں۔ (روزنامہ الفضل 9 جنوری 2007ء)

# سایہ فگن ہے سر پر

سایہ فگن ہے سر پر رمضان کا مہینہ
اُدھڑے ہیں جو بھی بخیے، محنت سے ان کو سینا
رحمت کے خوان اٹھائے آئے اُتر فرشتے
اور اِذنِ لُوٹ بھی ہے، سو لُوٹ لو خزینہ
ساون ہے رحمتوں کا ، بھادوں ہے برکتوں کا
بوچھاڑ میں نہا لو، دھو لو دلوں کا کینہ
کنڈی لگا کے دیکھو، جھولی بچھا کے دیکھو
آنسو بہا کے دیکھو، ہر اشک ہے نگینہ
گو اور بھی مہینے ہر چند معتبر ہیں
ماہ ِ صیام لیکن انمول ہے دفینہ
قُربِ خدا کو پانا اِس ماہ میں سہل ہے
سادہ مثال سمجھو یہ لفٹ ، وہ ہیں زینہ
کھانے پہ زور کم ہو افطار اور سحر میں
دل میں انڈیل لینا قُرآن کا خزینہ
بھر نہ سکیں گے ہرگز، برتن اگر ہیں اوندھے
سیدھا کرو دلوں کو، کچھ سیکھ لو قرینہ
دنیا کی دولتوں کو ٹھوکر پہ بھی نہ رکھے
جس کو ہوا میسر اک سجدہِ شبینہ
حکمِ خدا پہ جو بھی ہر آن سر جھکائے
مل کر رہے گا اس کو اک قالبِ سکینہ
اس نفس کو نکالو سینے کی مملکت سے
یہ ہے یہود خصلت اور پاک ہے مدینہ
قُربِ خدا کو پانا کچھ کھیل تو نہیں ہے
جلتا ہے اس دیئے میں بس خون اور پسینہ
ماہِ صیام اگلا شائد نہ دیکھ پاؤں
دنیا سے دل غنی ہے کافی ہے اتنا جینا
اس راہ گزر میں عرشی مرنا ہی زندگی ہے
آسان تو نہیں ہے یہ جامِ وصل پینا

**ا۔ ع۔ ملک**

نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

# کتب حضرت مسیح موعود جلد 17 کے اہم سوالات

(قسط دوم)

☆ یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گرفتار کرا کر مصلوب کرنے کیلئے کس مقام پر لے گئے تھے؟ص200
☆ تحقیقات کی رو سے مسلمانوں کی صحیح تعداد کتنی ہے؟ص200 حاشیہ
☆ خداتعالیٰ نے مسلمانوں کو سورۃ فاتحہ کی دعا کیوں سکھلائی؟ص200
☆ خداتعالیٰ نے قرآن شریف کا افتتاح کس دعا سے کیا؟ص200
☆ حضرت مسیح موعود کی پیدائش میں کیا ندرت تھی؟ص202 حاشیہ
☆ خداتعالیٰ کو سب سے زیادہ کون سی چیز پیاری ہے؟ص204 حاشیہ
☆ توحید الٰہی کی جڑ کیا ہے؟207 حاشیہ
☆ خداتعالیٰ نے بے باپ پیدا ہونے میں حضرت مسیح علیہ السلام کو کس سے تشبیہ دی ہے؟ص208 حاشیہ
☆ خداتعالیٰ نے براہین احمدیہ میں حضرت مسیح موعود کا کیا نام رکھا؟ص208 حاشیہ
☆ چاند چودھویں رات میں کس طرف سے طلوع کرتا ہے؟ص209 حاشیہ
☆ آنحضرت ﷺ نے اس عیسائی سلطنت کا نام جو مسیح موعود کے وقت میں ہوگی کیا رکھا؟ص210 حاشیہ
☆ حضرت مسیح علیہ السلام کی پیدائش کس ظالم بادشاہ کے وقت میں ہوئی تھی؟ص210 حاشیہ
☆ حضرت مسیح موعود کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے آٹھ مشابہتیں بیان کریں؟ص209,210 حاشیہ
☆ فیج اعوج سے کون سا زمانہ مراد ہے؟ص211
☆ سورۃ فاتحہ میں کن دو فتنوں سے بچنے کی دعا سکھلائی گئی ہے؟ص212
☆ قرآن شریف اور حدیث میں آخری زمانہ کے بعض علماء کو کس سے نسبت دی ہے؟ص212
☆ سورۃ فاتحہ کی دعا میں دو خبر پر مشتمل کون سی پیشگوئی ہے؟ص213
☆ خداتعالیٰ کے مجرم کتنی قسم کے ہیں؟ص213
☆ خداتعالیٰ کے مجرم کون سے ہیں؟ص213
☆ ایسے مجرموں کے لئے جن کا غضب انتہا تک پہنچ جاتا ہے سنت اللہ کیا ہے؟ص214
☆ مغضوب علیھم کے لفظ میں کون سی وعید ہے؟ص214
☆ مغضوب علیھم کی وعید کس کے متعلق ہے؟ص214
☆ نذیر حسین براہین احمدیہ کے متعلق کیا کہتا تھا؟ص216
☆ خالص علم الٰہی کو کیا کہتے ہیں؟ص216
☆ دین میں منعم علیھم کی دو جماعتیں کون سی ہیں؟ص218
☆ سورۃ فاتحہ میں کون سی تین دعائیں سکھلائی گئی ہیں؟ص217
☆ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس میں کس زمانہ سے خدا کی پناہ مانگی گئی ہے؟ص218
☆ قرآن شریف کے مطابق اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون سا امر اس کے غضب کا موجب ہے کہ اس سے آسمان پھٹ جائیں؟ص222
☆ فیج اعوج کے زمانہ کی نسبت آنحضرت ﷺ نے کیا فرمایا؟ص227
☆ بہشتی زندگی کا نمونہ لے کر کون سا مذہب آیا تھا؟ص226
☆ منعم علیھم جماعتوں پر خداتعالیٰ کا کیا انعام ہے؟ص228
☆ پاک گروہ میں سے کون لوگ نبیوں کے رنگ میں ہیں؟ص228
☆ صدیقوں کے رنگ میں کون سے لوگ ہیں؟ص228
☆ شہیدوں کے رنگ میں کون لوگ ہیں؟ص228
☆ صلحاء کے رنگ میں کون لوگ ہیں؟ص228
☆ سچے مسلمان کا مقصود بالذات کیا ہے؟ص228
☆ سورۃ فاتحہ میں مغضوب علیھم سے مراد کون لوگ ہیں؟ص229
☆ سورۃ فاتحہ میں منعم علیھم سے مراد کون لوگ ہیں؟ص229
☆ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں کس کی سلطنت بڑی قوت اور شوکت میں تھی؟ص229
☆ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں کون سا مذہب تعداد کے لحاظ سے تمام مذاہب سے زیادہ بڑھا ہوا تھا؟ص229
☆ عیسائی قوم جو آنحضرت ﷺ کے وقت نسبتی طور پر کمزور قوم تھی کیوں ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے دعا سکھلائی گئی؟ص230
☆ دجال سے مراد کون سا فرقہ ہے؟ص233 حاشیہ
☆ حضرت مسیح موعود نے دجال کی طرف سے خدائی کے دعویٰ کی کیا تشریح فرمائی؟ص233
☆ دجال کی آنکھوں کی نسبت حدیث میں کیا آیا ہے؟ص234
☆ کشفی رنگ میں دجال کی صورت اور اس کی تعبیر کیا ہے؟ص234
☆ کنز العمال کی حدیث میں دجال کے کون سے اوصاف لکھے گئے ہیں؟ص236
☆ خدا کی پہلی کتابوں نے یورپ کی قوموں میں کس کو قرار دیا ہے؟ص236
☆ یاجوج ماجوج کی پتھر کی ہیکلیں یورپ کے کس شہر میں محفوظ ہیں؟ص236
☆ جملہ مکمل کریں۔ اے خدا! ہم تیرے احسانوں کا کیونکر شکر کریں کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص239
☆ دجال کے قتل کرنے سے کیا مراد ہے؟ص240 حاشیہ
☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کو کس وجود سے رنگ اور رونق ہے؟ص241
☆ مسیح موعود کے ظہور کی نسبت بڑی نشانی کون سی ہے؟ص241
☆ ثابت کریں کہ مسیح موعود کا زمانہ ہی آخری زمانہ ہے؟ص242
☆ اہل عرب مینہ کو کیا کہتے ہیں؟ص242 حاشیہ
☆ آسمان کے پھٹنے سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟ص242 حاشیہ
☆ وہ آیات قرآنیہ اور آثار نبویہ بیان کریں جو قرب قیامت پر دلالت کرتے ہیں اور پورے ہوگئے ہیں؟ص242 تا 244
☆ قرآن شریف میں سماء لفظ آسمان کے علاوہ اور کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟ص242 حاشیہ
☆ حضرت آدمؑ ہفتہ کے کس دن پیدا ہوئے؟ص248
☆ حضرت آدم کے وجود کا کمال کس دن ظاہر ہوا؟ص249
☆ قرآن شریف کا کامل وجود کس روز اپنے کمال کو پہنچا؟ص250
☆ مسیح موعود کے ظہور کی چار علامات کون سی ہیں؟ص252 حاشیہ
☆ آنحضرت ﷺ کے دو بعث کون سے ہیں؟ص254
☆ بعث محمدی کس ستارہ کی تاثیر کے نیچے ہے؟ص254
☆ آنحضرت ﷺ کی حضرت موسیٰؑ سے کھلی کھلی مماثلت کیا ہے؟ص256
☆ آنحضرت ﷺ کی حضرت عیسیٰؑ سے دو مشابہتیں کون سی ہیں؟ص256
☆ حضرت مسیح موعود نے آنحضرت ﷺ کے نام احمد کے کیا معنی بیان کئے ہیں؟ص256
☆ آنحضرت ﷺ کا نام احمد کس نبی کے نام کا مترادف ہے؟ص256
☆ حضرت مسیح موعود نے یسوع کے کیا معنی بیان فرمائے ہیں؟ص256
☆ آنحضرت ﷺ کی مکی زندگی کس نبی سے مشابہت رکھتی ہے؟ص256
☆ آنحضرت ﷺ کی مدنی زندگی کس نبی سے مشابہت رکھتی ہے؟ص256
☆ بروز محمدی موسوی کے لحاظ سے مظہر حقیقت محمدیہ کا کیا نام رکھا گیا ہے؟ص257
☆ بروز احمدی عیسوی کے لحاظ سے مظہر حقیقت احمدیہ کا کیا نام رکھا گیا؟ص257
☆ خاتم المخلوقات کون ہے؟ص258
☆ تکمیل اشاعت ہدایت کے لئے کون سا ہزار مقرر تھا؟ص258 تا259
☆ آیت ''الیوم اکملت لکم .....'' کس دن نازل ہوئی؟ص258
☆ دنوں میں سے چھٹا دن کون سا ہے جو مسلمانوں کے لئے بڑی خوشی کا دن تھا؟ص258
☆ تکمیل ہدایت کا دن کون سا تھا؟ص259
☆ آیت وآخرین منھم میں منھم کا لفظ کیا ظاہر کر رہا تھا؟ص261
☆ آنحضرت ﷺ کے وقت میں تکمیل اشاعت ہدایت کیوں غیر ممکن تھی؟ص262 تا263
☆ حضرت مسیح موعود اور آپ کے مخالفین کے صدق وکذب آزمانے کے لئے کون سا اہم ثبوت ہے؟ص264
☆ آنحضرت ﷺ نے کاسر الصلیب کا کیا نام رکھا ہے؟ص267
☆ مسیح موعود کے آنے کے لئے قرآن شریف بلند آواز سے کیا وعدہ فرما رہا ہے؟ص267 حاشیہ
☆ حضرت اقدس نے مسیح الدجال کا کیا ترجمہ بیان فرمایا ہے؟ص268
☆ شیطان کا اسم اعظم کون سا ہے؟ص268
☆ دجال کے معنی بیان کریں؟ص268
☆ بالاتفاق خدا کا اسم اعظم کون سا ہے؟ص268
☆ اس آخری زمانے میں خدا نے اپنے اسم اعظم کے مظہر کا کیا نام رکھا ہے؟ص272
☆ خداتعالیٰ کے محامد دو قسم کے ہیں وضاحت کریں؟ص274
☆ جس کو آسمان سے احمد کا نام عطا کیا جاتا ہے وہ کن اوصاف سے متصف کیا جاتا ہے؟ص274 تا276
☆ خدا کی معرفت تامہ اور خدا کے فیوض تامہ کا مظہر کون ہے؟ص275
☆ آخری خلیفہ کے ظہور کے لئے تین شرطیں کون سی تھیں؟ص276

- ☆ حضرت مسیح موعود نے یاجوج ماجوج کی کیا حقیقت بیان فرمائی ہے؟ص 276 تا 277
- ☆ دابۃ الارض سے کون لوگ مراد ہیں؟ص 278 تا 279
- ☆ مسیح موعود کے ظہور کی کون سی تین علامتیں ہیں جو زمین پر ظاہر ہوں گی؟ص 280
- ☆ ''مسیح عصر کے وقت آسمان پر سے نازل ہوگا'' اس سے کیا مراد ہے؟ص 281 تا 285
- ☆ ضالّین سے کون لوگ مراد ہیں؟ص 269 حاشیہ
- ☆ ضلالت کے کیا معنی بیان ہوئے ہیں؟ص 269 حاشیہ
- ☆ مغضوب علیھم سے مراد کون سے علماء ہیں؟ص 269 حاشیہ
- ☆ مسلمانوں کو سورۃ فاتحہ میں کس چیز سے ڈرایا گیا ہے؟ص 269 حاشیہ
- ☆ سورۃ اخلاص میں کس قوم کے اعتقادی حالات کا بیان ہے؟ص 270 حاشیہ
- ☆ سورۃ فلق میں کس قوم کے عملی حالات کا ذکر ہے؟ص 270 حاشیہ
- ☆ لفظ ربّ الفلق میں کس زمانے کی طرف اشارہ ہے؟ص 272 بقیہ حاشیہ
- ☆ حضرت اقدس نے خناس کا کیا مفہوم بیان فرمایا؟ص 273 بقیہ حاشیہ
- ☆ خدا نے اپنی کتاب میں آدم کی بریت کن الفاظ میں بیان کی؟ص 273 حاشیہ در حاشیہ
- ☆ خدا نے حوا کو سخت سزا دی اس سزا کی تفصیل کیا ہے؟ص 273 حاشیہ
- ☆ نحّاش کس کا نام ہے؟ص 274 بقیہ حاشیہ
- ☆ حضرت مسیح موعود کا کوئی الہام بیان کریں جس میں آپ کا نام آدم رکھا گیا؟ص 274 بقیہ حاشیہ
- ☆ میکائیل کے معنی بتائیں؟ص 274 بقیہ حاشیہ
- ☆ توریت میں میکائیل سے کون مراد ہے؟ بقیہ حاشیہ 274 تا 275
- ☆ حدیث کی رو سے خدا نے آدم کو کس کی صورت پر پیدا کیا؟ص 275 بقیہ حاشیہ
- ☆ خدا نے جمعرات اور جمعہ کے دن کیا کچھ بنایا؟ص 278 حاشیہ بقیہ
- ☆ خدا نے جمعہ کے آخری حصہ میں کس کو پیدا کیا؟ص 279 بقیہ حاشیہ
- ☆ توریت میں ہے کہ خدا نے ساتویں دن آرام کیا اس کی وضاحت کریں؟ص 279 بقیہ حاشیہ
- ☆ آدمؑ جمعہ کی اخیر گھڑی میں یعنی عصر کے وقت پیدا کئے گئے اس وجہ سے احادیث میں کیا ترغیب دی گئی ہے؟ص 280 بقیہ حاشیہ
- ☆ جمعہ کی آخری گھڑی آدم کی پیدائش کے لئے کیوں خاص کی گئی؟ص 281 بقیہ حاشیہ
- ☆ فرشتوں کا جناب الٰہی میں عرض کرنا کہ کیا تو ایک مفسد کو خلیفہ بنانے لگا ہے، اس کے کیا معنی ہیں؟ص 280 بقیہ حاشیہ تا 281
- ☆ فرشتوں کی پیدائش کس ستارہ کے وقت میں ہوئی؟ص 280 بقیہ حاشیہ
- ☆ جمعہ کے روز کون سی گھڑی ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے؟ص 280 تا 281
- ☆ حضرت مسیح موعود جمعہ کے روز چاند کی کس تاریخ کو پیدا ہوئے؟ص 281 بقیہ حاشیہ
- ☆ حضرت اقدس نے اپنے خاندان کے اہل فارس ہونے سے متعلق کیا فرمایا؟ص 365 حاشیہ
- ☆ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ '' آدم کو میں نے دونوں ہاتھوں سے پیدا کیا''۔ دونوں ہاتھوں سے کیا مراد ہے؟ ص 282 بقیہ حاشیہ
- ☆ کیا نظام دنیا کی محافظت میں ستاروں کو دخل ہے؟ص 282 بقیہ حاشیہ
- ☆ کیا ستاروں کی تاثیرات ہیں جن کا زمین پر اثر ہوتا ہے؟ص 282 حاشیہ
- ☆ ستاروں کی تاثیرات کے لئے خدا تعالیٰ نے قران کریم کون سا لفظ استعمال کیا ہے؟ص 282 بقیہ
- ☆ ستارہ زحل کون سے آسمان پر ہے؟ص 283 بقیہ حاشیہ
- ☆ ستارہ مشتری کون سے آسمان پر ہے؟ص 283 حاشیہ
- ☆ لغت میں زحل کے کیا معنی بیان ہوئے ہیں؟ص 283 بقیہ حاشیہ
- ☆ پہلا آدم جمالی اور جلالی رنگ میں کن دو ستاروں کی تاثیریں لے کر پیدا ہوا؟ 283 بقیہ حاشیہ
- ☆ آسمان سے کیا مراد ہے؟ص 283 بقیہ حاشیہ
- ☆ حکیم ازلی نے سورۃ فاتحہ کو سات آیتوں پر تقسیم کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟ص 284
- ☆ ''اھدنا الصراط المستقیم'' کی دعا میں کس طرف اشارہ ہے؟ص 284 بقیہ حاشیہ
- ☆ سورۃ فاتحہ میں وہ کون سی دعا ہے جو جمیع اقسام شر سے بچنے کے لئے اور جمیع اقسام خیر کو جمع کرنے کے لئے کافی ووافی ہے؟ص 285 بقیہ حاشیہ
- ☆ صوفیہ کی اصطلاح میں یوم محمدی سے کیا مراد ہے؟ص 284 تا 285
- ☆ اکثر صوفی جو ہزار سے بھی کچھ زیادہ ہیں اپنے مکاشفات کی رو سے مسیح موعود کی پیدائش کس ہزار میں بتاتے ہیں؟ص 286
- ☆ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کا الہام ''چراغ دین'' کس عظیم شخص کی پیدائش کے بارے میں ہے؟ص 286
- ☆ دانیال نبی کی پیشگوئی میں مسیح موعود کے ظہور کا زمانہ کیا بتایا گیا ہے؟ص 292 حاشیہ
- ☆ معراج کی تمام حدیثیں جو صحیح بخاری میں ہیں، وہ کس بات کی گواہی دے رہی ہیں؟ص 295
- ☆ حضرت مسیح موعود کے لئے الیاسؑ کے رنگ میں کون آیا؟ص 296 حاشیہ
- ☆ دنیا میں بچے دو قسم کے پیدا ہوتے ہیں وضاحت کریں؟ص 297 تا 298
- ☆ قرآن شریف میں انسانوں کی پیدائش میں کون سی دو قسم کی شراکت بیان فرمائی گئی ہے؟ص 298
- ☆ روح القدس کے فرزند کون ہیں؟ص 298
- ☆ حضرت عیسیٰؑ کو بغیر باپ کے پیدا کر کے بنی اسرائیل کو کیا سمجھایا گیا؟ص 298
- ☆ حضرت موسیٰؑ نے ظاہر ہو کر کون سے تین بڑے کھلے کھلے کام کئے؟ص 299
- ☆ یہ ثابت کریں کہ حضرت عیسیٰؑ حضرت موسیٰؑ سے کچھ مماثلت نہیں رکھتے۔ص 300 تا 302
- ☆ کیا یہ خیال صحیح ہے کہ عیسیٰؑ نے اپنے تابعین کو شیطان سے نجات دلائی؟ص 300 تا 301
- ☆ یہ ثابت کریں کہ آنحضور ﷺ حضرت موسیٰؑ کے مثیل تھے؟ص 302 تا 303
- ☆ آخری زمانے میں مسیح کے مبعوث ہونے کی کیوں ضرورت تھی؟ص 303 تا 304
- ☆ پہلے مسیح کی طرح خدا نے آخری مسیح کے لئے کون سے دو دشمن قرار دیئے؟ص 304
- ☆ قرآن اور احادیث میں روم کے لفظ سے کون مراد ہے؟ص 308
- ☆ قرآن شریف میں کن چھ بروزوں کے آنے کا ذکر ہے؟ص 306 تا 308
- ☆ صحیح بخاری میں حدیث ہے کہ بغیر عیسیٰؑ بن مریم کے کوئی مس شیطان سے محفوظ نہیں رہا۔ صرف عیسیٰؑ کا ذکر دوسرے انبیاء کو چھوڑ کر کیوں کیا گیا؟ص 308 حاشیہ
- ☆ قرآن شریف کی کون سی آیت ہے جو تمام نبیوں کو معصوم ٹھہراتی ہے؟ص 308 حاشیہ
- ☆ حضرت عیسیٰؑ کو جب صلیب پر چڑھایا گیا تو ان کی عمر کتنی تھی؟ص 311
- ☆ معراج کے لئے رات کیوں مقرر کی گئی؟ص 310 حاشیہ
- ☆ حضرت اقدس نے قرآن شریف اور احادیث سے وفات مسیح پر کیا دلائل دیئے ہیں؟ص 310 تا 311
- ☆ انجیل متی کی کن آیات میں حضرت مسیحؑ نے اپنی آمد ثانی کو الیاس نبی کی آمد ثانی سے مشابہت دی ہے؟ ص 311
- ☆ جرمن کے بعض عیسائی محققوں کی رائے بیان کریں کہ مسیح صلیب پر نہیں مرے تھے؟ص 313 تا 314
- ☆ مہدی کے مفہوم میں کیا شامل ہے؟ص 360 تا 361 حاشیہ
- ☆ مسئلہ بروز کی کیا حقیقت ہے؟ص 315 حاشیہ تا 318
- ☆ ''اے رودر گوپال تیری استت گیتا میں لکھی گئی'' حضرت اقدس نے اس کی کیا تشریح فرمائی ہے؟ص 317 بقیہ حاشیہ تا 318
- ☆ حضرت اقدس نے رودر گوپال کے کیا معنی بیان فرمائے ہیں؟ص 316 بقیہ حاشیہ تا 317 حاشیہ در حاشیہ
- ☆ حضرت مسیح موعود نے کرشن کے متعلق کیا فرمایا؟ص 317 حاشیہ در حاشیہ
- ☆ اوتار کے کیا معنی بیان فرمائے ہیں؟ص 317 حاشیہ در حاشیہ
- ☆ رجعت بروزی یا دوبارہ آنے کے عقیدہ کی فلاسفی بیان کریں؟ص 319 حاشیہ در حاشیہ تا 320
- ☆ تمام عناصر اور اجرام فلکی کا گول شکل میں ہونا کس چیز کی طرف اشارہ کرتا ہے؟ص 319 بقیہ حاشیہ
- ☆ رجعت بروزی کی دو اعلیٰ اقسام کون سی ہیں؟ص 319 بقیہ حاشیہ
- ☆ خدا نے ابتداء میں ہی قابیل اور ہابیل کو پیدا کر کے کیا سمجھا دیا ہے؟ص 319 بقیہ حاشیہ تا 320
- ☆ یاجوج ماجوج کی وجہ تسمیہ بیان کریں؟ص 321 بقیہ حاشیہ
- ☆ یاجوج ماجوج کا وجود کس بات کی دلیل کامل ہے؟ص 322 بقیہ حاشیہ تا 323
- ☆ سیدنا حضرت اقدس نے رجعت بروزی کو سمجھانے کے لئے ایک دائرہ بنا کر دکھایا ہے وہ کیا ہے؟ص 320 بقیہ حاشیہ
- ☆ بنی آدم کا آخری کمال کیا ہے؟ص 322 بقیہ حاشیہ
- ☆ یاجوج ماجوج کا ظہور اور بروز اور اپنی تمام قوتوں میں کامل ہونا کس بات کا نشان ہے؟ص 323 بقیہ حاشیہ
- ☆ کوئی دائرہ کب کامل ہوتا ہے؟ص 323 بقیہ حاشیہ
- ☆ آدمؑ کو جس درخت کے نزدیک جانے سے منع کیا گیا تھا وہ کون سا درخت تھا؟ص 323 بقیہ حاشیہ تا 324
- ☆ روح القدس کا تعلق تمام نبیوں اور پاک لوگوں سے ہوتا ہے پھر مسیح کی اس سے کیا خصوصیت ہے؟ص 324 حاشیہ در حاشیہ
- ☆ مس شیطان سے پاک لوگوں کا نام آسمان پر کیا ہے؟ص 324 حاشیہ در حاشیہ
- ☆ شیطان کے فرزند آسمان پر کیا کہلاتے ہیں؟ص 324 حاشیہ در حاشیہ
- ☆ بدی کا باپ کون ہے؟ص 325 بقیہ حاشیہ
- ☆ نیکی کا باپ کون ہے؟ص 325 بقیہ حاشیہ
- ☆ انسان کی فطرت کو کون سے دو مختلف جذبے لگے ہوئے ہیں؟ص 325 بقیہ حاشیہ
- ☆ یہودی مولویوں نے حضرت مسیحؑ کے لئے کون سے دو فتوے تیار کئے تھے؟ص 328

☆ یہودی کیوں مغضوب علیھم ٹھہرائے گئے؟ص328

☆ یہودیوں کا بڑا واقعہ جو آنحضرت ﷺ کے زمانہ سے قریب تر زمانہ وقوع میں آیا کیا تھا؟ص328

☆ آنحضرت ﷺ حضرت مسیح کے واقعہ صلیب کے کتنے برس بعد پیدا ہوئے؟ص328

☆ مغضوب علیھم کی دعا کیوں سکھائی گئی ہے؟ص328 تا329

☆ قرآن شریف میں یہودیوں کے برے علماء کی مثال کس جانور سے دی گئی ہے؟ص330

☆ غیر المغضوب علیھم کے لفظ سے کون مراد ہیں؟ص330

☆ عیسائیوں اور یہودیوں کی کتابوں میں مسیح موعود کا ظہور کس صدی میں بتایا گیا ہے؟ص330

☆ بعض یہ خیال کرتے ہیں کہ لفظ شُبِّـــہَ سے مراد یہ ہے کہ عیسیٰؑ کی جگہ کسی اور کو سولی دی گئی اس کا کیا جواب ہے؟ص337

☆ ہمارے نبی ﷺ جب غار ثور میں پوشیدہ ہوئے تو وہاں بھی ایک قسم کے شُبِّـــہَ سے خدا نے کام لیا وضاحت کریں؟ص338

☆ آنحضرت ﷺ غار ثور میں کتنے دن رہے؟ص338

☆ حضرت مسیح اپنی شامی قبر میں کتنے دن رہے؟ص338

☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا مجھ کو یونس پر بزرگی مت دو۔اس میں کس مماثلت کی طرف اشارہ ہے؟ص 338 تا339

☆ حضرت اقدس نے نبیوں اور ماموروں کی نسبت شُبِّہَ لھم کا کیا مفہوم بیان کیا ہے؟ص338 تا339

## اربعین

☆ اربعین کا پورا نام کیا ہے؟ص ٹائٹل بار اول

☆ اربعین کے معنی لکھیں؟ص343

☆ رسالہ اربعین شائع کرنے کی کیا غرض تھی؟ص343

☆ مخالفین پر حجت پوری کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود نے کتنے اشتہار شائع کرنے کا ارادہ کیا تھا؟ صفحہ 343

☆ حضرت اقدس نے ہر ایک اشتہار کتنے دن کے بعد نکالنے کا وعدہ فرمایا؟ص343 حاشیہ

☆ حضرت مسیح موعود نے بنی نوع یعنی انسانوں سے اپنی محبت کی مثال کس سے دی ہے؟ص344

☆ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں ’’میں نے ایک سونے کی کان نکالی ہے اور مجھے ایک چمکتا ہوا اور بے بہا ہیرا اس کان سے ملا ہے‘‘۔وہ ہیرا کیا ہے اور اس کی کیا قیمت ہے؟ص344 تا345

☆ کن مناسبتوں کے لحاظ سے حضرت مسیح موعود کا نام ’’مسیح‘‘ رکھا گیا؟ص357 حاشیہ

☆ آنے والے مصلح کے لئے کون سے دو جوہر عطا کئے گئے ہیں؟ص357 تا358

☆ کامل مصلح کے لئے کون سی دو صفتوں سے متصف ہونا ضروری ہے؟ص358

☆ اگرچہ ہر ایک نبی میں مہدی ہونے اور مؤید بروح القدس ہونے کی (مسیح ہونے کی) صفت پائی جاتی ہے لیکن پھر بھی یہ دو نام کن نبیوں سے خصوصیت رکھتے ہیں؟ص358 تا359 حاشیہ

☆ نبیوں کی پیشگوئیوں میں تھا کہ ’’امام آخر الزمان آدھا اسرائیلی ہوگا اور آدھا اسماعیلی‘‘ کس طرف اشارہ ہے؟ص359 حاشیہ

☆ ذوالبروزین سے کون مراد ہے؟ص359

☆ مسیح موعود میں کن دو صفتوں کا کامل طور پر پایا جانا ازبس ضروری ہے؟ص359

☆ عیسیٰؑ ہونے کے لئے کیا شرط ہے؟ص359

☆ مہدی میں کن اوصاف کا پایا جانا ضروری ہے؟ص360

☆ حقیقی اور کامل مہدی کون ہے؟ص360

☆ مسیح اور مہدی میں کھلا کھلا فرق کیا ہے؟ص360

☆ ’’تیرے باپ دادے کا ذکر کوئی بھی نہیں کرے گا اور ابتداء سلسلہ خاندان کا تجھ سے شروع ہوگا‘‘ حضرت مسیح موعود نے اس الہام کی کیا تشریح فرمائی ہے؟ص365 حاشیہ

☆ جو غیب کی خبر خدا سے پا کر دیوے اس کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ص366 حاشیہ

☆ خدا کے فرستادہ کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ص366 حاشیہ

☆ ’’اے عیسیٰؑ میں تجھے وفات دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا‘‘ اس الہام کی کیا تشریح بیان کی گئی ہے؟ ص367

☆ الہام کے الفاظ مکمل کریں۔’’دنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اسے قبول نہ کیا لیکن۔۔۔ص368

☆ حضرت مسیح موعود نے اپنے دعویٰ مسیح موعود اور مقام مسیح موعود کی تائید میں کیا دلائل پیش کئے ہیں؟ص369

☆ اس اعتراض کا کیا جواب ہے کہ مسیح موعود تو وہ ہے جو آسمان سے اترتا دیکھا جائے گا۔ص370 حاشیہ

☆ وما محمد الا رسول کی آیت سن کر کتنے صحابہ نے سر جھکا دیا تھا اور مان لیا تھا کہ آنحضرت سے پہلے تمام نبی فوت ہو چکے ہیں؟ص370

☆ حضرت مسیح موعود نے حَکَم کی کیا اہمیت بیان فرمائی ہے؟ص371 تا373

☆ لغت میں توفّی کے کیا معنی بیان ہوئے ہیں؟ص374 حاشیہ

☆ حضرت اقدس نے وفات مسیح کے حق میں کیا دلائل دیئے؟ص373 تا374

☆ معراج کی حدیث کس طرح مسیح کی وفات پر دلیل ہے؟ص374

☆ آنحضرت ﷺ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کتنی عمر بتائی ہے؟ص374

☆ قول رسول اللہ ﷺ مکمل کریں۔’’اگر موسیٰؑ اور عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو۔۔۔۔۔۔ص374

☆ قرآن شریف میں اول سے آخر تک توفّی کا لفظ کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟ص374 حاشیہ

☆ مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ کے لوگوں کے لئے کیا بھاری نشان ظاہر ہوا جو مسیح کے زمانہ اور مسیح موعود کے ظہور کے لئے بطور علامت تھا؟ص375 حاشیہ

☆ حضرت مسیح موعود نے مخالفین کو خدائی نشان دکھانے کے لئے کیا طریق کار مقرر فرمایا؟ص374 تا376

☆ حضرت اقدس نے خدائی نشان دیکھنے کے لئے مخالفین کو کون سا سہل طریق پیش فرمایا؟ص376 تا377

☆ مباہلہ کے معنی لغت عرب اور شرعی اصطلاح کی رو سے کیا ہیں؟ص377 حاشیہ

☆ چالیس کے عدد کی کیا اہمیت ہے؟ص378

☆ حضرت مسیح موعود نے اکٹھے ہو کر ایک مجمع میں دعا کرنے کے لئے کیا تجویز پیش فرمائی؟ص378 تا379

☆ اس دعا کے لئے کم از کم کتنے علماء کو جمع ہونے کی درخواست کی گئی؟ص378

☆ حضرت مسیح موعود نے اجتماعی دعا کے لئے کون سی تاریخ مقرر فرمائی؟ص378

☆ حضرت مسیح موعود کی پیشگوئیاں جو پوری ہو چکی ہیں ان میں سے پانچ کا مختصراً ذکر کریں۔ص381 حاشیہ

☆ حضرت مسیح موعود کی سو پیشگوئیاں جو پوری ہو چکی ہیں آپ کی کس کتاب میں ان کا ذکر ہے؟ص381 حاشیہ

☆ حدیث یَتَزَوَّجُ وَیُولَدُ لَہ کس طرف اشارہ کر رہی ہے؟ص385 حاشیہ

☆ اشتہار انعامی بنام حافظ محمد یوسف ضلع دار نہر و دیگر میں کتنے روپے کا انعام مقرر کیا گیا؟ص386

☆ اشتہار انعامی بنام حافظ محمد یوسف میں سب سے پہلے کس مولوی کا نام درج ہے؟ص386

☆ اس انعامی اشتہار میں کتنے مولویوں کے نام درج ہیں؟ص386

☆ حافظ محمد یوسف نے لاہور میں ایک مجلس کے اندر بعض احمدی معززین کے سامنے کیا غلط نظریہ پیش کیا؟ص387

☆ حضرت مسیح موعود نے حافظ محمد یوسف کے غلط نظریے کا رد کس طرح فرمایا؟ص388 تا390

☆ جھوٹا مدعی نبوت دعوی کے بعد کتنے برس تک زندہ نہیں رہ سکتا؟ص392

☆ ان پانچ مخالفین کے نام لکھیں جنہوں نے دعائیں کیں کہ جو جھوٹا ہے وہ پہلے مرے گا۔آخر کار وہ حضرت مسیح موعود کے مقابل پر پہلے مر گئے۔ص395

☆ مولوی غلام دستگیر قصوری نے کاذب اور صادق میں فیصلہ کے لئے خدا کے حضور کیا دعا کی؟ص397

☆ فقرہ مکمل کریں ’’میں وہ درخت ہوں جس کو مالک حقیقی نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔399 تا400

☆ خدا کے مامورین کے آنے کے لئے اور پھر جانے کئے لئے بھی ایک موسم ہوتا ہے۔حضرت اقدس نے اپنے آنے اور جانے کے موسم کے متعلق کیا ارشاد فرمایا ہے؟ص401

☆ حضرت مسیح موعود نے اپنے خلاف بد دعائیں کرنے والوں کو کیا تحدی فرمائی؟ص400

☆ حضرت اقدس نے حدیثوں کی رو سے بحث کرنے والوں کو کیا نصیحت فرمائی؟ص401 حاشیہ

☆ حدیثوں کو قبول یا ردّ کرنے کے بارے میں خدا کی طرف سے حَکَم ہو کر آنے والے کو کیا اختیار دیا گیا ہے؟ص401 حاشیہ

☆ حضرت مسیح موعود نے زمینی اور آسمانی نشانوں سے فائدہ نہ اٹھانے والوں کے متعلق کیا فرمایا؟ص402

☆ حضرت مسیح موعود نے اپنے مخالفین کی مرادیں پوری ہونے کے متعلق کیا فرمایا؟ص402 تا403

☆ حضرت مسیح موعود نے اپنے میں سے بڑا بدبخت منکر کسے قرار دیا؟ص403

☆ صادقوں کی کیا نشانی ہوتی ہے؟ص403

☆ حضرت مسیح موعود نے اپنے انجام اور اپنی کامیابی کے لئے مخالفین کو کیا نوید سنائی؟ص403 تا404

☆ مسیح موعود کے مخالفین کے لئے کون سی رات ماتم کی رات تھی؟ص404

☆ مسیح موعود کے مخالفین کے لئے کون سا دن مصیبت کا دن تھا؟ص404

☆ سنت اللہ کے مطابق عظیم الشان مصلح کب اور کس وقت آیا کرتے ہیں؟ص404

☆ چودھویں صدی کا سر کس عظیم مصلح کے لئے مقدر تھا؟ص405

☆ خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں آنحضرت ﷺ کی رسالت حقّہ کے ثابت کرنے کے لئے کیا دلیل دی ہے؟ص405

☆ خدا پر افتراء کرنا کن لوگوں کا کام ہے اور ان کا انجام کیا ہوتا ہے؟ص406 حاشیہ

☆ حافظ محمد یوسف صاحب کے دو قول بیان کریں جو انہوں نے جلسوں میں بیان کئے کہ مرزا غلام احمد حق پر ہے؟ص407 حاشیہ

☆ حافظ محمد یوسف کے بھائی محمد یعقوب کی گواہی حضرت مسیح موعود کے حق میں کیا تھی؟ص408

# وصایا

**ضروری نوٹ**

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

## مسل نمبر 119423 میں تہمینہ حسن

بنت محمد حسن قوم ...... پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک 278 گ۔ب شیر کا ضلع وملک فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 3 دسمبر 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔زیور چاندی 5 تولہ 7500 روپے اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ۔تہمینہ حسن گواہ شد نمبر 1۔رائے محمد حسن ولد رائے محمد الیاس گواہ شد نمبر 2۔رائے آصف محمود ولد رائے محمد حسن

## مسل نمبر 119424 میں آسیہ برکت

زوجہ علی رضا قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیصل آباد ضلع وملک فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 30 ستمبر 2013ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) حق مہر 70 ہزار روپے (2) زیور طلائی 2.5 تولہ 1 لاکھ 25 ہزار (3) مکان مالیتی 25 لاکھ روپے اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔آسیہ برکت گواہ شد نمبر 1۔علی رضا ولد غلام مرتضیٰ گواہ شد نمبر 2۔پرویز احمد ولد برکت علی

## مسل نمبر 119425 میں ناصرہ اجمل

زوجہ محمد اجمل قوم بٹ پیشہ خانہ داری عمر 54 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 69 رب رحمٰن پورہ ضلع فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 12 جون 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) حق مہر 5 ہزار روپے (2) دکان 2 عدد 2 لاکھ 50 ہزار روپے (3) زیور 1 تولہ مالیتی 55 ہزار روپے اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ناصرہ جمیل گواہ شد نمبر 1۔محمد اجمل ولد عبدالحمید گواہ شد نمبر 2۔محمد لقمان ولد محمد اجمل۔

## مسل نمبر 119426 میں فرینہ داؤد

بنت داؤد احمد قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک 69 رب گھسیٹ پورہ ضلع فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 15 جون 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجود قیمت درج کر دی ہے۔گولڈ ٹاپس مالیتی 4 ہزار روپے اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ فرینہ داؤد گواہ شد نمبر 1۔حبیب احمد ولد محمد شریف احمد گواہ شد نمبر 2۔داؤد احمد ولد محمد یعقوب

## مسل نمبر 119427 میں ثمرہ داؤد

بنت داؤد احمد قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک 69 رب گھسیٹ پورہ ضلع وملک فیصل آباد پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 15 جون 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ۔ثمرہ داؤد گواہ شد نمبر 1۔حبیب احمد ولد محمد شریف احمد گواہ شد نمبر 2۔داؤد احمد ولد محمد یعقوب

## مسل نمبر 119428 میں تسنیم مبشر

زوجہ انوار الرحمٰن طارق قوم چھینہ پیشہ استاد عمر......سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک 543/E.B ضلع وملک وہاڑی پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 23 نومبر 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجود قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) حق مہر 10 ہزار روپے (2) زیور طلائی 4 تولہ 1 لاکھ 80 ہزار روپے (3) زمین 3 کنال مالیتی 4 لاکھ 50 ہزار روپے اس وقت مجھے مبلغ 36 ہزار روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔اور مبلغ 15 ہزار روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ۔تسنیم مبشر گواہ شد نمبر 1۔رانا ممتاز احمد طاہر ولد رانا سردار احمد گواہ شد نمبر 2۔انوار الرحمٰن ولد مظفر احمد

## مسل نمبر 119429 میں نادیہ رحمٰن

بنت انوار الرحمٰن طارق قوم چھٹہ پیشہ طالب علم عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 543/E.B ضلع وملک وہاڑی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 23 نومبر 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ 200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ۔نادیہ رحمٰن گواہ شد نمبر 1۔رانا ممتاز احمد طاہر ولد رانا سردار احمد گواہ شد نمبر 2۔انوار الرحمٰن طارق ولد مظفر احمد

## مسل نمبر 119430 میں افشین طارق

بنت انوار الرحمٰن طارق قوم چھٹہ پیشہ طالب علم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک 543/E.B ضلع وملک وہاڑی پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 23 نومبر 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد۔افشین طارق گواہ شد نمبر 1۔رانا ممتاز احمد طاہر ولد رانا سردار احمد گواہ شد نمبر 2۔انوار الرحمٰن طارق ولد مظفر احمد چھٹہ

## مسل نمبر 119431 میں ساجد احمد چانڈیو

ولد محکم الدین چانڈیو قوم ...... پیشہ پرائیویٹ ملازمت عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن قمر آباد ضلع وملک نوشہرو فیروز پاکستان بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 30 ستمبر 2014ء میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔مکان 5 مرلہ مالیتی 4 لاکھ روپے اس وقت مجھے مبلغ 5 ہزار روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ساجد احمد چانڈیو گواہ شد نمبر 1۔اکرام اللہ بھٹی ولد برکت علی بھٹی گواہ شد نمبر 2۔عطاء العظیم چانڈیو ولد عبدالہادی ساجد چانڈیو۔

## مسل نمبر 119432 میں Marefa Begum

زوجہ MD. Abdus Sattar قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میر پور ضلع وملک Dinazpur, Bangladesh بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم جولائی 2015ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) زرعی زمین 100 Decimal واقع Dinazpur مالیتی 12 لاکھ Taka (2) Domestic Animal 3 مالیتی 40 ہزار Taka (3) جیولری 13.86 گرام مالیتی 50 ہزار Taka (4) حق مہر 300 Taka اس وقت مبلغ 30 ہزار Taka سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے میں تازیست اپنی میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔Marfa Begum گواہ شد نمبر 1۔Bashir Ahmed S/O Abadus Sattar گواہ شد نمبر 2۔Abdus Sattar S/O Makbul Hossen

## مسل نمبر 1194333 میں Monsora Ahmed

زوجہ Munadil Fahad قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میر پور ضلع وملک ڈھاکہ بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم جنوری 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) حق مہر 3 لاکھ Taka (2) جیولری 116.6 گرام مالیتی 4 لاکھ پچاس ہزار Taka اس وقت مجھے مبلغ 2 ہزار Taka ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ۔Monsora Ahmed گواہ شد نمبر 1۔Munadil Fahad S/O Muhammad Akhtaruzzaman گواہ شد نمبر 2 Parvez Ahmed S/O Sabzumia۔

## مسل نمبر 119434 میں Jinnat Mahol

زوجہ Tohidul Islam قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر...... سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن میر پور ضلع ڈھاکہ بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ یکم جنوری 2014ء میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/3 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) حق مہر 50 ہزار Taka (2) جیولری 7.29 گرام 30 ہزار Taka اس وقت مجھے مبلغ 1000 Taka ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ Jinnat Mahol گواہ شد نمبر 1۔MD. Zahed Ali S/O Sekandar Ali گواہ شد نمبر 2 Parvez Ahmed S/O Sabzu Mia

# اطلاعات و اعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## تقریب آمین

مکرم عبدالباسط بھٹی صاحب معلم وقف جدید F7/3 اسلام آباد تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 17 جون 2015ء کو حلقہ G8 میں باسمہ عثمان بنت مکرم عثمان احمد جاوید صاحب کی تقریب آمین منعقد ہوئی۔ بچی محترمہ امۃ الحنیف صاحبہ سابقہ صدر اماء اللہ لجنہ G8 اہلیہ مکرم عبدالکریم جاوید صاحب صدر حلقہ G8 کی پوتی، محترمہ سعدیہ عثمان صدر لجنہ حلقہ G8 کی بیٹی اور مکرم عبداللطیف بہاولپوری کی نسل سے ہے۔ عزیزہ نے سات سال اور دو ماہ میں قرآن کریم ناظرہ کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو باقاعدہ تلاوت قرآن کریم کرنے، ترجمہ سیکھنے اور اس کی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## نکاح

محترمہ امۃ الحی عفت صاحبہ کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میرے بیٹے مکرم عثمان ناصر احمد صاحب ولد مکرم احمد حسین شاہد صاحب مرحوم کے نکاح کا اعلان مکرمہ متین ناز صاحبہ بنت مکرم عمر حیات صاحب مرحوم نصیر آباد ربوہ کے ساتھ مورخہ 17 مئی 2015ء کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں ایک لاکھ روپے حق مہر پر محترم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے کیا۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو ہر لحاظ سے بابرکت کرے اور دونوں خاندان ایک دوسرے کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک کا باعث بنیں۔ آمین

## ولادت

مکرم مرزا ناصر محمود صاحب مربی ضلع اسلام آباد تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے میری بیٹی مکرمہ لبیدہ محمود ناصر صاحبہ اہلیہ محترم عثمان احمد خان صاحب آف ڈیفنس لاہور کینٹ کو مورخہ 10 جون 2015ء کو بیٹے سے نوازا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت اس کا فوزان احمد نام عطا فرمایا ہے۔ اور تحریک وقف نو میں بھی منظوری عطا فرمائی ہے۔ نومولود محترم تنویر احمد خاں صاحب زعیم اعلیٰ انصاراللہ ڈیفنس طاہر لاہور کینٹ کا پوتا اور محترم محمد اکبر اقبال صاحب مرحوم آف کنری ضلع عمرکوٹ کی نسل سے ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح، متقی، خادم دین اور قرۃ العین بنائے نیز احمدیت اور دنوں خاندانوں کیلئے بہت بابرکت فرمائے۔ آمین

## نکاح

مکرم محمد محمود طاہر صاحب قائد تعلیم القرآن مجلس انصاراللہ پاکستان تحریر کرتے ہیں۔

میرے بھتیجے مکرم نعمان احمد ناصر صاحب مقیم لندن ابن مکرم کمانڈر (ر) ناصر احمد صاحب کارکن دفتر PS لندن کے نکاح کا اعلان محترم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مقامی نے مؤرخہ 11 جون 2015ء کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں میری بھانجی مکرمہ ڈاکٹر فاطمہ رضوان صاحبہ بنت مکرم میجر ڈاکٹر عامر رضوان صاحب مرحوم و ڈاکٹر صالحہ صدیقہ صاحبہ آف لاہور کے ساتھ مبلغ 16 ہزار پونڈ سٹرلنگ حق مہر پر کیا۔ دلہا مکرم چوہدری محمد صادق صاحب واقف زندگی سابق اکاؤنٹنٹ وکالت تبشیر ربوہ کا پوتا اور مکرم ملک محمد شریف صاحب مرحوم سابق سیکرٹری اصلاح وارشاد ضلع راولپنڈی کا نواسا ہے۔ دلہن مکرم ملک ناصر الدین خان صاحب مرحوم آف محمد نگر لاہور ابن حضرت ڈاکٹر محمد طفیل خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی پوتی اور مکرم چوہدری محمد صادق صاحب مرحوم واقف زندگی کی نواسی ہیں۔ احباب جماعت سے اس رشتہ کے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## دورہ انسپکٹر روزنامہ الفضل

مکرم منور احمد ججہ صاحب انسپکٹر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کے حصول کیلئے راولپنڈی اور اسلام آباد کے اضلاع کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت واراکین عاملہ، مربیان کرام اور صدران جماعت سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## ضرورت خواتین اساتذہ

نظارت تعلیم کو اپنے سکولز کیلئے درج ذیل مضامین کیلئے خواتین اساتذہ کی ضرورت ہے۔

☆ تمام مضامین پڑھانے کیلئے پرائمری سکول ٹیچر کی ضرورت ہے۔ کم از کم تعلیمی قابلیت بی اے/ بی ایس سی اور پرائمری کلاسز کو پڑھانے کا ایک سے دوسالہ تجربہ ہو۔

☆ تمام سائنس مضامین پڑھانے کے لئے ایلیمنٹری سکول ٹیچر کی ضرورت ہے۔ کم از کم تعلیمی قابلیت بی اے/ بی ایس سی اور مڈل کلاسز کو پڑھانے کا ایک سالہ دوسالہ تجربہ ہو۔

☆ فزکس، کیمسٹری، میتھ بیالوجی اور سوشل سٹڈیز پڑھانے کے لئے ہائی سکول ٹیچر کی ضرورت ہے۔ تعلیمی قابلیت کم از کم ایم اے/ ایم ایس سی اور ہائی کلاسز کو پڑھانے کا ایک سے دوسالہ تجربہ ہو۔

☆ فزکس، کیمسٹری، میتھ بیالوجی اور انگلش پڑھانے کیلئے ہائی سکول ٹیچر کی ضرورت ہے۔ تعلیمی قابلیت کم از کم ایم اے/ ایم ایس سی اور ہائی کلاسز کو پڑھانے کا دو سے تین سالہ تجربہ ہو۔

خواہشمند خواتین اپنا CV مندرجہ ذیل ای میل پر بھجوائیں۔ jobs@nazarattaleem.org

(نظارت تعلیم)


**Nusrat Jahan College**

*Education with Excellence*

**ADMISSIONS 2015**



Highly qualified, experienced and dedicated faculty

Affiliated with
Agha Khan University EB
University of Punjab
University of Sargodha

**ABDUS SALAM SCHOOL OF SCIENCES**

| | | |
|---|---|---|
| FSc | • Pre-Engineering • Pre-Medical • Computer Sciences | 2 YEARS |
| BSc | Physics, Mathematics, Chemistry, Zoology, Botany, Geography. Detail combination list available at admission office. | 2 YEARS |
| BS | Physics | 4 YEARS |
| BS | Mathematics | 4 YEARS |
| BS | Geography | 4 YEARS |
| BS | Biotechnology | 4 YEARS |
| MSc | Mathematics | 2 YEARS |
| MSc | Physics | 2 YEARS |
| MSc | Chemistry | 2 YEARS |
| MSc | Zoology | 2 YEARS |
| MSc | Botany | 2 YEARS |

**MM AHMAD SCHOOL OF BUSINESS**

| | | |
|---|---|---|
| BSc | Computer Studies, Statistics, Economics. Detail combination list available at admission office. | 2 YEARS |
| BBA (Hon's) | Bachelor in Business Administration | 4 YEARS |

**SIR ZAFARULLAH KHAN SCHOOL OF ARTS**

| | | |
|---|---|---|
| BA | English Literature, Urdu, Arabic, Persian. Detail combination list available at admission office. | 2 YEARS |
| BS | English | 4 YEARS |
| MA | English Literature | 2 YEARS |

• Result awaiting students may also apply as per the provisional student policy.
• Application forms are available on website and the admission office.

Admission Applications are Open

Entry Test Date:
Will be announced soon

NOTE:
Students who have obtained minimum 45 % aggregate marks in the first year of intermediate from any board/univesity are eligible to apply as a provisional student.

ADMISSION OFFICE
Nusrat Jahan College
Darul Rehmat Wasti
Rabwah
Tel: +047-6213405, 6213982
Email: admissions@njc.edu.pk

For more information visit our website: www.njc.edu.pk

or Email us at: admissions@njc.edu.pk

# فالسہ۔قابل قدر پھل

فالسہ ابتداء میں سبز، سرخ اور آخر میں سیاہی مائل ہوجاتا ہے۔اس کا ذائقہ شیریں و ترش ہوتا ہے۔اس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔اس کا مزاج سرد ہے۔

## فالسہ کے فوائد

☆ فالسہ مقوی دل ہے۔

☆ فالسہ معدے اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔

☆ پیاس بجھاتا ہے۔

☆ پیشاب کی سوزش کو ختم کرتا ہے۔

☆ گرمی کے بخار کو فائدہ دیتا ہے۔

☆ فالسے کی جڑ کا چھلکا سوزاک اور ذیابیطس میں استعمال کرانا مفید ہوتا ہے۔(مقدار خوراک ایک ماشہ ہمراہ پانی صبح وشام)

☆ فالسے کے پانی سے غرارے کرنے سے خناق کا فائدہ ہوتا ہے۔

☆ یہ اسہال، ہچکی اور قے کو بند کرتا ہے۔

☆ تپ دق میں فالسے کا استعمال بے حد مفید ہوتا ہے۔

☆ معدے اور سینے کی گرمی اور جلن کو دور کرتا ہے۔

☆ دل کی دھڑکن اور خاص طور پر بے چینی کو دور کرتا ہے۔

☆ جگر کی گرمی کو دور کرنے کے لئے فالسے کو جلا کر کھار بنائیں اور تین رتی صبح وشام استعمال کریں۔

☆ فالسہ مصفّی خون بھی ہے۔

☆ فالسے کا شربت بنانے کا طریقہ درج ذیل ہے۔آدھ سیر پختہ فالسہ، ایک سیر چینی، پہلے فالسے کو پانی میں خوب رگڑ کر چھان لیں اور چینی ملا کر قوام تیار کریں، جب قوام گاڑھا ہوجائے تو شربت تیار ہے۔ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بند کرلیں۔یہ شربت مقوی معدہ و دل ہوتا ہے، جگر کی حرارت کو تسکین دیتا ہے، قے، دستوں اور پیاس میں فائدہ دیتا ہے۔

☆ فالسے کے درخت کی چھال کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ایک چھٹا نک میں آدھ چھٹا نک بنولہ کوٹ کر دونوں کو ایک سیر پانی میں بھگودیں دو دفعہ مل چھان کر اور نمک ملا کر پلانے سے ذیابیطس کنٹرول ہوجاتی ہے۔

☆ پھوڑے پھنسیوں پر فالسے کے پتے رگڑ کر لگانے سے فوراً فائدہ ہوجاتا ہے۔

☆ تیز بخار میں فالسے کا جوس دینے سے مریض کی تسکین ہوتی ہے۔

☆ فالسے کا متواتر استعمال خون اور صفراء کی تیزی کو دفع کرتا ہے۔

☆ فالسے کے پتے، بیج اور رس، ان میں کسی ایک کو پانی میں رگڑ کر پینے سے مثانے کی گرمی دور ہوتی ہے۔

☆ شربت فالسہ میں اگر عرق گلاب ڈال کر پیا جائے تو اس کے فوائد دگنے ہوجاتے ہیں۔

(روزنامہ دنیا۔23 مئی 2015ء)

# انڈیکس 2014ء

احباب کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ اخبار الفضل 2014ء کا انڈیکس شائع ہو چکا ہے۔محدود تعداد میں موجود ہے۔قیمت 50 روپے ہے۔دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ (ادارہ)

# نماز جنازہ

مکرم ملک عطاء القدیر صاحب برطانیہ تحریر کرتے ہیں کہ میری والدہ محترمہ امۃ الحفیظ صاحبہ سابقہ ٹیچر نصرت گرلز ہائی سکول ربوہ اہلیہ مکرم ماسٹر ملک محمد عبداللہ صاحب مرحوم دارالعلوم وسطی ربوہ ہمشیرہ محترم چوہدری حمیداللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید مورخہ 23 جون 2015 کو برطانیہ میں وفات پاگئیں۔آپ کی نماز جنازہ مورخہ 28 جون کو بیت المبارک ربوہ میں 5 بجے سہ پہر بعد از نماز عصر ادا کی جائے گی۔احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ میری والدہ سے مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔آمین

## ربوہ میں سحر و افطار 27 جون

| | |
|---|---|
| انتہائے سحر | 3:24 |
| طلوع آفتاب | 5:02 |
| زوال آفتاب | 12:11 |
| وقت افطار | 7:20 |

## ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

27 جون 2015ء

| | |
|---|---|
| 7:25 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 26 جون 2015ء |
| 9:25 am | راہ ہدیٰ |
| 1:35 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 18 جولائی 2014ء |
| 3:55 pm | درس القرآن |
| 6:15 pm | درس رمضان المبارک |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ Live |

اوقات کار رمضان المبارک
صبح 8 تا 1 بجے شام 5:30 تا 7 بجے
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
NASIR ناصر
PH:0476212434,6211434

فاتح جیولرز
www.fatehjewellers.com
Email:fatehjeweller@gmail.com
ربوہ فون نمبر: 0476216109
موبائل 0333-6707165

گلشن سویٹس اینڈ بیکرز
اعلیٰ اور معیاری مٹھائیوں کا مرکز
اعلیٰ کوالٹی ہمارا معیار اور لذت ہماری پہچان
● چاکلیٹ کیک ● فریش کریم کیک ● پیسٹری
● کریم رول ● کوکونٹ بسکٹ ● سپیشل کیک رس
● کھتائی ● فروٹ کیک ● شیرمال ● رس
☆ اور خستہ بسکٹ بھی دستیاب ہیں ☆
پروپرائیٹر: چوہدری طارق محمود
بالمقابل ایوان محمود یادگار روڈ ربوہ
فون دکان: 6213823 موبائل: 0343-7672823

FR-10

خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
اعلیٰ کوالٹی کی دالیں
چاول اور خالص مصالحہ جات
طاہر سپر سٹور
سبزی مارکیٹ نزد ریلوے کراسنگ اقصیٰ روڈ ربوہ
047-6212944

عید فیسٹیول
ربوہ میں پہلی مرتبہ، تمام برانڈ کی لان
الکرم، گل احمد، ثناء سفی ناز، عاصم جوفہ، کریسنٹ، کھاڈی جوبلی، نشاط، H.S.Y، ڈیزائنر لان پرنٹ
نیوز اہد کلاتھ اینڈ بوتیک
رابطہ نمبر: 0333-9793375

اوقات کار رمضان المبارک
صبح 9:30 بجے تا 4 بجے شام
FB ہومیو سنٹر فار کرانک ڈیزیز
طارق مارکیٹ ربوہ Cell:03007705078
نوٹ: وقت لے کر تشریف لائیں۔

تاج نیلام گھر
کوئی بھی فالتو یا کارآمد چیز گھریلو یا دفتری سامان کی خرید و فروخت کیلئے تشریف لائیں۔
کری کالج روڈ ربوہ فون: 047-6212633
0321-4710021

SANA & SAFINAZ, NISHAT گل احمد،
فردوس، Warda Print، اتحاد، لاکھانی، CHARIZMA
NATION, MARJAN کے علاوہ
نارمل لان پرنٹ سوس کڑھائی اور اوریجنل بوتیک کے علاوہ
اچھی مردانہ ورائٹی میں سادہ اور کڑھائی والے آرٹیکلز کیلئے تشریف لائیں
ریلوے روڈ ربوہ
صاحب جی فیبرکس پاکستان
0092-476212310 www.Sahibjee.com

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا
NASEEM JEWELLERS
23K/22K JEWELLERY SUPPLIERS
پروپرائٹر: میاں وسیم احمد
اقصیٰ روڈ ربوہ فون دکان 6212837
Mob:03007700369

عید کی نئی ورائٹی سج گئی ہے
نئے شوز۔نئے ڈیزائن۔نئی ورائٹی
نوٹ فرمالیں
ہر جمعہ کے دن لیڈیز، جینٹس اور بچگان کے شوز کی لوٹ میلہ سیل ہوا کرے گی
مس کولیکشن شوز اقصیٰ روڈ ربوہ

ربوہ سینٹری اینڈ آئرن سٹور
سامان سینٹری، پائپ، واٹر موٹر پمپ، واٹر ٹینک وغیرہ کی نت نئی ورائٹی بازار سے بارعایت دستیاب ہے۔نیز پلمبر کی سہولت موجود ہے۔مچھر مار سپرے کی سہولت میسر ہے
کالج روڈ ربوہ: 0332-6093523
سلطان احمد شہزاد: 0334-9635930

فیصل ٹریڈنگ کمپنی اینڈ ہارڈ ویئر سٹور
چپ بورڈ، پلائی ووڈ، ویز بورڈ، لیمینیشن بورڈ فلش ڈور، مولڈنگ کے لئے تشریف لائیں۔
نیز گھروں کی تعمیر اور انٹیریئر ڈیکوریشن کی جاتی ہے
145۔فیروز پور روڈ جامعہ اشرفیہ لاہور
Cell:0332-4828432,0323-3354444
طالب دعا: قیصر خلیل خاں